# کووڈ-19 کے ٹیکے

## اکثر پوچھے گئے سوالات

آخری تجدید: 5 اگست 2021

### مجھے پہلے ہی کووڈ-19 ہوا تھا۔ کیا مجھے اب بھی ٹیکہ درکار ہے؟

جی ہاں۔ پچھلے ٹیکے سے حاصل شدہ مامونیت ہو سکتا ہے دیرپا نہ ہو۔ دوبارہ کووڈ-19 ہونے کا امکان ہے۔ بہتر تحفظ کے لیے دو خوراکوں کے ساتھ ٹیکہ لگوائیں۔

### کون سا ٹیکہ بہتر ہے؟

ہیلتھ کینیڈا کی جانب سے فراہم کردہ کووڈ-19 کے سبھی ٹیکے کووڈ-19 سے ہونے والی سنگین بیماری کو روکتے ہیں۔

### کیا mRNA کے ٹیکے آپس میں تبدیل کے جا سکتے ہیں؟

mRNA کے دو ٹیکے (Moderna اور Pfizer) ملتی جلتی ٹیکنالوجی استعمال کرتے ہیں، اور ٹیکوں کو ملانا محفوظ ہے۔ بہتر اور طویل تر تحفظ کے لیے دو خوراکیں لینا اہم ہے۔

### اگر مجھے خود مامونیتی کیفیت لاحق ہے اور/یا صحت کے دیگر مسائل درپیش ہیں تو کیا ٹیکہ لگوانا محفوظ ہے؟

جی ہاں۔ کووڈ-19 کے ٹیکے کی لاکھوں خوراکیں صحت کی سنگین کیفیات، جیسے دل کے مرض، دمہ، ذیابیطس، وجع المفاصل، کینسر اور ٹرانسپلانٹ والے لوگوں کو دی جا چکی ہیں۔ ٹیکے کووڈ-19 سے ہونے والی سنگین بیماری کے خلاف تحفظ کریں گے۔ اگر آپ کو سوالات درپیش ہوں تو اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے بات کریں۔

### کیا ٹیکہ الرجیوں والے لوگوں کے لیے محفوظ ہے؟

کووڈ-19 کے ٹیکے میں انڈے، جیلاٹن، محافظ اشیاء یا اینٹی بایوٹکس شامل نہیں ہیں۔ نگہداشت صحت فراہم کنندہ آپ کے ساتھ اجزا کا جائزہ لے کر یقینی بنائے گا کہ یہ آپ کے لیے محفوظ ہے۔ ٹیکہ کاری کے بعد کسی ردعمل کے مدنظر کم از کم 15 منٹ تک آپ پر نگاہ رکھی جائے گی۔ کسی بھی ردعمل کا علاج اسی وقت کیا جائےگا۔

# کووڈ-19 کے ٹیکے

## اکثر پوچھے گئے سوالات

آخری تجدید: 5 اگست 2021

### کیا ٹیکے کے کوئی ضمنی اثرات ہیں؟

کچھ لوگوں کو معمولی ضمنی اثرات جیسے سر درد، بخار، کپکپی یا انجیکشن کے مقام پر درد ہو سکتا ہے۔ دوسری خوراک کے بعد ضمنی اثرات زیادہ عام ہیں۔ ردعمل 1 سے 3 دن تک رہ سکتے ہیں۔ ٹیکہ کاری کے بعد علامات میں راحت کے لیے آپ بغیر نسخے کے ملنے والی دوائیں لے سکتے ہیں۔

### اگر میں منشیات یا الکحل استعمال کرتا ہوں تو، کیا ٹیکہ لگوانا محفوظ ہے؟

جی ہاں۔ اگر آپ منشیات یا الکحل استعمال کرتے ہیں تو ٹیکہ لگوانا محفوظ ہے۔

### دو خوراکیں موصول کرنے کے بعد، کیا میں "نارمل" سرگرمیوں پر لوٹ سکتا ہوں؟

کووڈ-19 کے ٹیکے کی لوگوں کی دوسری خوراک کے 2 ہفتے بعد انہیں پوری طرح سے ٹیکہ لگوایا ہوا مانا جاتا ہے۔ جب تک زیادہ سے زیادہ لوگوں کو پوری طرح سے ٹیکہ نہ لگ جائے، بدستور دوسروں سے کم از کم 2 میٹر کی دوری بنائے رکھیں، اندرون کی عوامی جگہوں میں یا بیرون میں جہاں آپ اپنی دوری قائم نہیں رکھ سکتے ہوں وہاں ماسک پہنیں اور اپنے ہاتھوں کو دھوئیں۔

### ٹیکہ لگوانے کے کیا فائدے ہیں؟

جب زیادہ سے زادہ لوگ ٹیکہ لگواتے ہیں تو، کووڈ-19 کے کیسز کم ہوتے ہیں، لہذا صحت عامہ کی کچھ پابندیاں اٹھائی جا سکتی ہیں اور کاروبار دوبارہ کھل سکتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم سبھی زیادہ سے زیادہ ان سرگرمیوں میں واپس آ سکتے ہیں جن میں ہمیں مزہ آتا ہے، بشمول:

- ذہنی سکون کے ساتھ مصیبت زدہ فیملی ممبرز یا دوستوں سے ملنا
- سفر کرنا
- آرٹس، تفریح یا کھیل کود والے ایونٹس میں جانا

ٹیکہ لگوانے سے نگہداشت صحت کے ہمارے نظام پر دباؤ بھی کم ہو سکتا ہے لہذا سرجریز اور دیگر معالجے پھر سے شروع ہو سکتے ہیں۔

مزید معلومات کے لیے toronto.ca/COVID19 ملاحظہ کریں یا ٹورنٹو پبلک ہیلتھ کو 416-338-7600 پر کال کریں۔